


(خلاصۂ مضامینِ قرآن پر مبنی کورس)

لیکچر: 25

سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَة

سورۃ حٰم السجدۃ کے مضامین کا تجزیہ

آیات 1-8	قرآن کی عظمت اور دعوت
آیات 9-12	زمین اور آسمانوں کی تخلیق
آیات 13-18	سرکش قوموں کا دنیا میں انجام
آیات 19-29	سرکش قوموں کا آخرت میں انجام
آیات 30-36	اللہ کا پسندیدہ کردار عزیمت کے درجہ پر

سورۃ حٰم السجدۃ کے مضامین کا تجزیہ

آیات 37-39	• اللہ کی نشانیاں
آیات 40-45	• عظمتِ قرآن
آیات 46-48	• روزِ قیامت اعمال کا نتیجہ
آیات 49-51	• انسان کی ناشکری
آیات 52-54	• عظمتِ قرآن

سورۃ حٰم السجدۃ کا جائزہ

آیات 47-48	• شرک کرنے کا حسرتناک انجام
آیات 49-51	• اکثر انسان ناشکرے اور بے صبرے ہیں
آیات 52-54	• قرآن کی حقانیت واضح ہو کر رہے گی

سُورَةُ الشُّورَىٰ

سورۃ الشوریٰ کے مضامین کا تجزیہ

آیات 1-9	• عظمتِ باری تعالیٰ
آیات 10-26	• غلبہ ٔ دین کے لیے جدوجہد کرنے کی تاکید
آیات 27-35	• اللہ کی نعمتیں اور قدرتیں
آیات 36-43	• غلبہ ٔ دین کے لیے جدوجہد کرنے والوں کے اوصاف
آیات 44-48	• غلبہ ٔ دین کی جدوجہد سے گریز کرنے والوں کا انجام
آیات 49-53	• عظمتِ باری تعالیٰ

سورۃ الشوریٰ کا جائزہ

آیات 1-6	• عظمتِ باری تعالیٰ
آیات 7-9	• رسول ﷺ کے ذمہ ہے پہنچانا اور اللہ کے ذمہ ہے حساب لینا
آیات 10-12	• حاکم اللہ ہی کو تسلیم کرو
آیت 13	• اقامتِ دین کا حکم
آیت 14	• اہلِ کتاب کے اختلاف کی وجہ: ضد اور تکبر

سورۃ الشوریٰ کا جائزہ

آیت 15	• اقامتِ دین کے مشن پر ڈٹے رہو
آیت 16	• اقامتِ دین کی جدوجہد سے گریز کرنے والوں کا کوئی عذر قبول نہ ہوگا
آیات 17-18	• نزولِ کتاب اور شریعت کا مقصد
آیت 19	• گھبراؤ نہیں! اللہ مدد فرمائے گا
آیت 20	• طلب گار کس کے ہو؟ دنیا کے یا آخرت کے

سورۃ الشوریٰ کا جائزہ

آیات 21-23	• کیا خود ساختہ معبودوں نے کوئی شریعت دی ہے؟
آیت 24	• کیا قرآن اللہ کا کلام نہیں ہے؟
آیات 25-26	• دعائیں کن کی قبول ہوتی ہیں؟
آیات 27-29	• اللہ کی نعمتیں اور قدرتیں
آیات 30-31	• آفات انسانوں کے گناہوں کی وجہ سے آتی ہیں

سورۃ الشوریٰ کا جائزہ

آیات 32-35	• بحری جہاز: اللہ کی عظیم نشانی اور نعمت
آیات 36-39	• اقامتِ دین کے لیے جدوجہد کرنے والوں کے اوصاف
آیات 40-43	• برائی کا بدلہ لینے والوں پر کوئی الزام نہیں
آیات 44-46	• روزِ قیامت ظلم کرنے والوں کا انجام
آیات 47-48	• اللہ کی پکار پر لبیک کہو

سورۃ الشوریٰ کا جائزہ

آیات 49-50	• کوئی مانے یا نہ مانے، بادشاہت اللہ ہی کے لیے ہے
آیت 51	• اللہ انسان سے کیسے خطاب فرماتا ہے؟
آیات 52-53	• ایمان قرآن کے ذریعہ سے حاصل ہوتا ہے

اہم ہدایات کا بیان

اقامتِ دین کا حکم (آیت 13)

شَرَعَ لَكُمۡ مِّنَ الدِّیۡنِ مَا وَصّٰی بِهٖ نُوۡحًا وَّ
الَّذِیۡۤ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡكَ وَ مَا وَصَّیۡنَا بِهٖۤ اِبۡرٰهِیۡمَ
وَ مُوۡسٰی وَ عِیۡسٰۤی اَنۡ اَقِیۡمُوا الدِّیۡنَ وَ لَا
تَتَفَرَّقُوۡا فِیۡهِ ؕ كَبُرَ عَلَی الۡمُشۡرِكِیۡنَ مَا
تَدۡعُوۡهُمۡ اِلَیۡهِ ؕ اَللّٰهُ یَجۡتَبِیۡۤ اِلَیۡهِ مَنۡ
یَّشَآءُ وَ یَهۡدِیۡۤ اِلَیۡهِ مَنۡ یُّنِیۡبُ ﴿۱۳﴾

اللہ نے تمہارے لئے دین کا وہی رستہ مقرر کر دیا ہے جس کے اختیار کرنے کا اس نے نوح کو حکم دیا تھا اور جس کی (اے نبی ﷺ) ہم نے آپ کی طرف وحی بھیجی ہے اور جس کا حکم ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو دیا تھا کہ دین کو قائم رکھنا اور اس بارے میں پھوٹ نہ ڈالنا۔ جس چیز کی طرف آپ مشرکوں کو بلاتے ہیں وہ تو ان پر گراں گزرتی ہے۔ اللہ جس کو چاہتا ہے اپنا برگزیدہ بنالیتا ہے اور جو بھی اس کی طرف رجوع کرے وہ اسے اپنی طرف رستہ دکھاتا ہے۔

اہلِ ایمان کی مطلوبہ صفات (آیات 36-40)

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى
لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۚ ﴿٣٦﴾
وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَ
الْفَوَاحِشَ وَ اِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ
يَغْفِرُوْنَ ۚ ﴿٣٧﴾

(لوگو) جو (مال ومتاع) تمہیں دیا گیا ہے وہ دنیا کی زندگی کا سامان ہے۔ اور جو کچھ اللہ کے ہاں ہے وہ بہتر اور قائم رہنے والا ہے (یعنی) ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائے اور اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ اور جو بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کی باتوں سے بچتے ہیں۔ اور جب غصہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیں۔

اہلِ ایمان کی مطلوبہ صفات (آیات 36-40)

وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا
الصَّلٰوةَ ۠ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۠ وَمِمَّا
رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝۳۸ ۚ وَالَّذِيْنَ اِذَآ
اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ۝۳۹ وَجَزٰۗؤُا
سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ
فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝۴۰

اور جو اپنے رب کے فرمان کو قبول کرتے ہیں اور نماز کی پابندی رکھتے ہیں۔ اور اپنے کام آپس کے مشورے سے کرتے ہیں۔ اور جو مال ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ اور جب ان پر ظلم (و زیادتی) ہو تو بدلہ لیتے ہیں۔ اور برائی کا بدلہ تو اسی طرح کی برائی ہے۔ مگر جو درگزر کرے اور (معاملے کی) اصلاح کرلے تو اس کا اجر اللہ کے ذمے ہے۔ بے شک وہ ظلم کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

اولاد محض اللہ کی عطا ہے (آیات 49-50)

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَخْلُقُ مَا
يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ
لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ۙ﴿۴۹﴾ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ
ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ
عَقِيْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾

آسمانوں اور زمین کی (تمام) بادشاہت اللہ ہی کی ہے۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ جسے چاہتا ہے بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے بیٹے دیتا ہے۔ یا ان کو بیٹے اور بیٹیاں دونوں عنایت فرماتا ہے۔ اور جس کو چاہتا ہے بے اولاد رکھتا ہے۔ وہ تو جاننے والا (اور) قدرت والا ہے۔

سُورَةُ الزُّخْرُفِ

سورۃ الزخرف کے مضامین کا تجزیہ

آیات 1-14	• جلال و جمالِ باری تعالیٰ
آیات 15-45	• مشرکینِ مکہ کی گمراہیوں کی مذمت
آیات 46-56	• حضرت موسیٰؑ اور آلِ فرعون کے درمیان کشمکش
آیات 57-67	• حضرت عیسیٰؑ کی عظمت
آیات 68-78	• اہل جنت اور اہل جہنم کا ذکر
آیات 79-89	• نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی مشرکینِ مکہ کے ساتھ کشمکش

سورۃ الزخرف کا جائزہ

آیات 1-4	• قرآنِ عربی کی اہمیت
آیات 5-8	• مشرکینِ مکہ کے لیے دھمکی
آیات 9-14	• اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے احسانات
آیات 5-19	• فرشتے اللہ کے بندے ہیں بیٹیاں نہیں
آیات 20-21	• اللہ کا اذن اور ہے اور اُس کی رضا اور

سورۃ الزخرف کا جائزہ

آیات 22-25	• شرک کے لیے دلیل: باپ دادا کی پیروی
آیات 26-28	• دینِ ابراہیمؑ توحیدِ خالص تھا
آیات 29-32	• کیا رسول کسی دولت مند کو ہونا چاہیے؟
آیات 33-35	• اللہ کی نگاہ میں دنیا کی حقیقت
آیات 36-39	• شیطان کا وار کس پر چلتا ہے؟

سورۃ الزخرف کا جائزہ

آیات 40-45	• نبی اکرم ﷺ کی دلجوئی
آیات 46-50	• آلِ فرعون کی بدنصیبی
آیات 51-56	• فرعون کا تکبر
آیات 57-60	• مشرکینِ مکہ کی حضرت عیسیٰؑ سے دشمنی
آیات 61-62	• حضرت عیسیٰؑ قیامت کی ایک نشانی ہیں

سورۃ الزخرف کا جائزہ

آیات 67-63	حضرت عیسیٰؑ کی دعوت
آیات 73-68	فرمانبرداروں کا حسین انجام
آیات 78-74	مجرمین کا برا انجام
آیات 83-79	مشرکینِ مکہ کی سازشوں کا جواب
آیات 86-84	عظمتِ باری تعالیٰ
آیات 89-87	مشرکینِ مکہ کے شبہات کا موئثر ردّ

اہم ہدایات کا بیان

سواری کی دُعا(آیات 13-14)

لِتَسْتَوٗا عَلٰی ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا
نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَ
تَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَ
مَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَ اِنَّآ اِلٰى
رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾

تاکہ تم ان کی پیٹھ پر سوار ہوا کرو اور جب اس پر بیٹھ جاؤ تو پھر اپنے پروردگار کی نعمت کو یاد کرو اور کہو کہ وہ (ذات) پاک ہے جس نے اسے ہمارے زیر فرمان کر دیا اور ہم میں طاقت نہ تھی کہ اس کو قابو میں کر لیتے۔ اور ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

شیطان کس پر مسلط ہوتا ہے(آیت36)

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ
نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿٣٦﴾

اور جو رحمٰن کی یاد سے غفلت کرے ہم اس پر
ایک شیطان مقرر کر دیتے ہیں تو وہ اس کا
ساتھی ہو جاتا ہے۔

اصل دوست کون؟ (آیت 67)

اَلۡاَخِلَّآءُ یَوۡمَئِذٍۭ بَعۡضُهُمۡ لِبَعۡضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الۡمُتَّقِیۡنَ ﴿٦٧﴾

اس دن (گہرے) دوست بھی ایک دوسرے کے دشمن بن جائیں گے۔ سوائے پرہیزگاروں کے۔

سُورَةُ الدُّخَان

سورۃ الدخان کے مضامین کا تجزیہ

آیات 1-8	• اللہ اور شبِ قدر کی عظمت
آیات 9-16	• مشرکینِ مکہ پر عذاب
آیات 17-33	• آلِ فرعون پر عذاب
آیات 34-42	• مشرکینِ مکہ کے لیے وعید
آیات 43-59	• جہنم اور جنت کا ذکر

سورۃ الدخان کا جائزہ

آیات 1-8	اللہ تعالیٰ اور شبِ قدر کی عظمت
آیات 9-16	مشرکینِ مکہ پر عذاب
آیات 17-22	آلِ فرعون کی مجرمانہ روش
آیات 23-29	آلِ فرعون کی ہلاکت
آیات 30-33	بنی اسرائیل پر اللہ کے انعامات

سورۃ الدخان کا جائزہ

آیات 34-37	• کیا مرنے کے بعد دوبارہ زندہ نہیں ہونا؟
آیات 38-42	• مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیا جانا ضروری ہے
آیات 43-50	• آخرت میں برا انجام
آیات 51-59	• فرمانبرداروں کا حسین انجام

سُورَةُ الجَاثِيَة

سورۃ الجاثیہ کے مضامین کا تجزیہ

آیات 1-15	• آیاتِ الٰہی سے اعراض کا انجام
آیات 16-22	• شریعت کی پیروی کا حکم
آیات 23-26	• خواہشات پرستوں کی مذمت
آیات 27-37	• احوالِ آخرت

سورۃ الجاثیہ کا جائزہ

آیات 1-6	• آیاتِ الٰہی کا بیان
آیات 7-11	• آیاتِ الٰہی سے اعراض کی سزا
آیات 12-13	• تسخیرِ کائنات کی بشارت
آیات 14-15	• کافروں کے بارے میں جلدی نہ کرو
آیات 16-17	• بنی اسرائیل کی بدنصیبی

سورۃ الجاثیہ کا جائزہ

آیات 18-20	• اب مسلمانوں کی آزمائش ہے
آیات 21-22	• کیا شریعت پر عمل کرنا ورنہ کرنا برابر ہے؟
آیت 23	• نفس کی غلامی بھی شرک ہے
آیات 24-26	• دہریت کی گمراہی: اللہ اور آخرت، دونوں کا انکار
آیات 27-29	• گمراہ کن تصورات دینے والے برباد ہوں گے

سورۃ الجاثیہ کا جائزہ

آیات 30-33	• روزِ قیامت اچھا اور برا انجام
آیات 34-37	• مجرمین کے لیے حسرتناک بیان

اہم ہدایات کا بیان


خواہشِ نفس کی پیروی (آیت 23)

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَ
اَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّ خَتَمَ عَلٰى
سَمْعِهٖ وَ قَلْبِهٖ وَ جَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ
غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ
اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾

کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہش
نفس کو اپنا معبود بنا رکھا ہے اور باوجود سمجھ بوجھ کے
(گمراہ ہو رہا ہے تو) اللہ نے (بھی) اسے گمراہ
کر دیا اور اس کے کانوں اور دل پر مہر لگادی اور اس
کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا۔ اب ایسے شخص کو اللہ
کے بعد کون ہدایت دے سکتا ہے۔ تو کیا تم نصیحت
نہیں پکڑتے؟

Q & A

حدیثِ مبارکہ


ارشادِ نبوی ﷺ:
"جس نے قرآن کے مطابق فیصلہ کیا اُس نے
عدل کیا اور جس نے قرآن کی طرف دعوت دی
اُس کو صراطِ مستقیم کی ہدایت نصیب ہو گئی"۔
(ترمذی، دارمی)


جزاكم الله
خيرا احسن الجزاء